# بریسٹ کینسر کی اسکریننگ کا جواب

ایکس رے معائنہ (میموگرافی) ظاہر کرتا ہے کہ اضافی معائنے کی ضرورت ہے تاکہ زیادہ تفصیلی تصویر حاصل کی جا سکے۔

تبدیلیاں عام طور پر خوش خیم ہوتی ہیں، لیکن یہ کینسر کی علامت بھی ہو سکتی ہیں۔

آپ کو ڈیجیٹل پوسٹ میں نئے معائنے (کلینیکل میموگرافی) کے لیے اپائنٹمنٹ دی گئی ہے۔ اس خط میں آپ معائنہ کرنے والے شعبے کا فون نمبر حاصل کر سکتی ہیں۔ اگر آپ کو سوالات ہوں یا اپنی اپائنٹمنٹ تبدیل کرنا ہو تو آپ اس نمبر پر فون کر سکتی ہیں۔

**کلینیکل میموگرافی**
معائنہ تقریباً 1 گھنٹے کا ہوتا ہے اور تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے:

- میموگرافی
- چھاتی اور بغلوں کا الٹراساؤنڈ اسکین
- جسمانی معائنہ – ڈاکٹر چھاتی اور بغلوں کا معائنہ کرتے ہیں